سوال

(604) رکوع و سجود میں دعا ایک مرتبہ یا تین مرتبہ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رکوع اور سجدے میں صرف ایک ہی دعا پڑھ سکتے ہیں یا دو تین اکٹھی بھی پڑھ سکتے ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

متعدد دعاؤں کو جمع کرنے کا جواز ہے۔ صحیح مسلم میں حدیث ہے :

'وَاَمَّا السُّجُودُ فَاجتَہِدُوا فِی الدُّعَاءِ " صحیح مسلم، بَابُ النَّھِیِ عَن قِرَاءَۃِ القُرآنِ فِی الرُّکُوعِ وَالسُّجُودِ، رقم : ۴۷۹"

''بحالت سجود دعا میں مبالغہ کرو۔''

صاحب ''مرعاۃ المفاتیح'' فرماتے ہیں : کہ یہ حدیث اس امر کی دلیل ہے، کہ بحالتِ سجود آدمی دنیا و آخرت کی طلب اور اُن کے شر سے بچنے کے لیے جونسی دعا چاہے کر سکتا ہے۔ (۶۳۵/۱) اور صحیح مسلم کی دوسری روایت میں ہے : 'فَاَکثِرُوا الدُّعَاءَ' صحیح مسلم، بَابُ مَا یُقَالُ فِی الرُّکُوعِ وَالسُّجُودِ، رقم : ۴۸۲

''یعنی 'کثرت سے دعا کرو۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ :528